# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Associations

سرکلر نمبر 61
07 اکتوبر 2019

## جنرل باڈی اجلاس بتاریخ 05 اکتوبر 2019 کے حذف کی گئی کاروائی کی تفصیلات

5 اکتوبر 2019 کی شب 9 بجے بلائے جانے والے جنرل باڈی اجلاس برائے الیکشن 2019 کے لئے الیکشن کمیٹی کے قیام اور کراچی الیکٹرک کے واجبات پر اپڈیٹ کی وہ کاروائی جو چار ممبر مکینوں کے غیر مناسب رویئے کی سبب جنرل باڈی اجلاس کی تفصیلات سے حذف کی گئیں وہ درج ذیل ہیں۔

عمومی طور پر اجلاس میں جنرل سیکریٹری شروع میں ایسوسی ایشن کے کام پر ایک جائزہ پیش کرتے ہیں اور کسی اہم کام کی تفصیلات ممبرز کو بتائی جاتی ہیں تاکہ ممبرز کی مشاورت سے اس میں مزید بہتری لائی جاسکے۔ کچھ ایسا ہی اس جنرل باڈی اجلاس میں طے تھا تاکہ پانی سے متعلق اقدامات جس سے مکینوں کے مسائل میں کمی آسکے، بجلی کے واجبات کی صورت حال اور کنٹونمنٹ کے حوالے سے کچھ مشورے شامل تھے۔ اسی بناء پر جب جنرل سیکریٹری نے صدر صاحب کی اجازت کے بعد شروعات کرنے کی کوشش کی تو چار مکین، ممبر جناب سلیم الدین صاحب، ممبر جناب الیاس بخاری صاحب، ممبر چوہدری نسیم صاحب اور ڈیفالٹر طارق ارشد صاحب نے شور وغل شروع کردیا کہ ایسوسی ایشن الیکشن کی کمپین کررہی ہے اور ایسوسی ایشن کے موقف کو ممبرز کو سننے نہیں دیا اور ماحول مچھلی بازار بن کررہ گیا۔ کیوں کہ موجودہ ایسوسی ایشن اپنے کام سے جانی جاتی ہے نہ کہ بلند و بالا دعوے اور افہام و تفہیم سے معاملات چلانا جانتی ہے لہذا دلشاد بخاری M2 اور صدر شیخ عبدالقدوس صاحب کی مداخلت پر جنرل سیکریٹری نے ممبرز کو دیے جانے والے اپڈیٹ کو روک دیا اور الیکشن کمیٹی کے قیام کے ایجنڈے کو شروع کردیا۔

الیکشن کمیٹی کے انتخاب کے لئے ایسوسی ایشن نے پہلے اختر علی خان صاحب کا نام تجویز کیا جس کی سلیم الدین صاحب نے پرزور مذمت کی کہ اختر صاحب ایسوسی ایشن کے حامی ہیں لہذا ان کا نام منظور نہ کیا جائے مگر زیادہ ممبرز ان کے حق میں تھے اور ان کا نام اکثریت سے منظور ہوا۔

دوسرا نام جناب وقاص درانی کا لیا گیا جس پر بھی سلیم الدین صاحب، چوہدری نسیم صاحب، جناب ابو کامل اعظمی اور سید رضوان علی صاحب اور ایک دو اور لوگوں نے انکار کیا کہ وقاص درانی ایسوسی ایشن کے حامی ہیں لہذا ان کا نام بھی واپس لے لیا گیا۔

ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری مکینوں کو گیٹ 2 کی توسیع اور ATM سے متعلق اپڈیٹ اور کنٹونمنٹ کی جانب سے ٹیکس کے نوٹس وغیرہ پر بات کرنا چاہ رہے تھے جو نہ ہوسکی۔

اس کاروائی کو اجلاس کے منٹس سے اس لئے حذف کیا گیا ہے تاکہ اصل منٹس جو ویلفیئر و دیگر اداروں سے شیئر کیے جائیں گے اس میں کوئی نامناسب کاروائی شامل نہ ہو۔

اگر کسی مکین کو مزید کوئی رہنمائی چاہیے تو وہ ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ ہماری کوشش ہوگی کہ ہر مکین کی ہر ممکن مدد کی جائے۔

شکریہ

حبیب الرحمن خان
جنرل سیکریٹری

Overseas Pakistanis' Bungalows
Residents' Welfare Associations

سرکلر نمبر 62

07 اکتوبر 2019

## پانچواں جنرل باڈی اجلاس منعقدہ 05 اکتوبر 2019 بمقام نسیم احمد خان فیملی پارک

پانچواں جنرل باڈی اجلاس اعلان کردہ تاریخ پر یعنی 05 اکتوبر 2019 کو رات ساڑھے نو (09:30) بجے نسیم احمد خان فیملی پارک میں جناب شیخ عبدالقدوس صاحب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک کرنے کا اعزاز جناب امتیاز صدیقی صاحب نے حاصل کیا۔

جنرل سیکریٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب نے الیکشن کمیٹی کے انتخاب کے لئے نام پیش کئے اور مندرجہ ذیل ناموں پر اتفاق کیا گیا۔

- ☆ جناب اختر علی خان۔ چیئرمین A-9
- ☆ جناب عبداللہ مشتاق۔ ممبر K-6
- ☆ جناب سید نذر علی۔ ممبر L-3

بعدازاں الیکشن کمیٹی کے منتخب ممبر جناب سید نذر علی نے الیکشن شیڈول کا اعلان پڑھ کر سنایا۔ یہ الیکشن شیڈول جس کے مطابق الیکشن 03 نومبر 2019 اتوار کے دن صبح 10:00 بجے سے شام 06:00 بجے تک منعقد ہونگے کی تفصیل مکینوں کو جاری کی جا رہی ہے۔

آخر میں صدر جناب شیخ عبدالقدوس نے مختصر اختتامی خطاب کیا اور تلقین کی کہ ہم سب ایک ساتھ رہتے ہیں لہذا پڑوسی ہونے کے ناتے محبت اور خلوص کا برتاؤ ایک دوسرے کے ساتھ رکھنا چاہیئے۔ مزید یہ کہ حاضرین میں موجود ایک خاتون ممبر نے اعتراض کیا کہ ڈیفالٹر کو اجلاس میں شرکت اور بات کرنے کا کوئی حق نہیں ہونا چاہیئے۔

آخر میں اجلاس کے اختتام سے قبل حاضرین کو مشروب پیش کیا گیا اور اجلاس کے بعد لوگ آپس میں گھل مل گئے۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان
جنرل سیکریٹری

SCANNER
ODYSSEY APPS